© rasailojaraid.com



**سالِ نو کی افتتاحی تقریب** ۱۰ شوال سے دورۂ حدیث کے علاوہ دوسرے درجات کے داخلے بند کر دئے گئے۔ اساتذہ اور منتظمین طلبہ کے فارم داخلہ کی تصحیح و ترتیب، فارموں سے مختلف درجوں اور کتابوں کے شرکاء کی فہرست اور دارالاقاموں میں طلبہ کے قیام کے انتظام وغیرہ کی طرف فوری طور پر متوجہ ہوئے۔ اکثر کام نپٹا لیا تو حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے ۲۲ شوال بروز جمعرات ساڑھے نو بجے سالِ نو کی افتتاحی تقریب کے انعقاد کا اعلان فرمایا۔ وقتِ مقررہ پر اساتذہ و طلبہ دارالحدیث میں پہنچ گئے۔ ہال کھچا کھچ بھر چکا تو دارالحدیث کے سامنے والے برآمدے اور صحن میں بھی دریاں بچھا دی گئیں۔ اندر باہر تل دھرنے کی جگہ نہ تھی۔ قاری محمد سلیمان صاحب کی تلاوت کلام پاک کے بعد حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم نے بخاری شریف کے درس سے افتتاح کیا۔ اور مختصر خطاب بھی فرمایا جسے ٹیپ میں محفوظ کر دیا گیا ہے۔

**نتائج امتحان وفاق المدارس العربیہ** وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے تحت ۷ شعبان سے گیارہ شعبان ۱۴۰۵ھ تک منعقد ہونے والے سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ اور وفاق کے مرکزی دفتر سے ملحقہ مدارس کو نتائج کی تفصیلی رپورٹ بھیجی جا رہی ہے۔ اس سال بورڈ کے تحت درجہ عالیہ (دورۂ حدیث) کے امتحان میں ۳۵ دینی مدارس کے شرکاء کی تعداد ۲۵۰۱ رہی۔ جب کہ دارالعلوم حقانیہ بورڈ کے تحت امتحان میں شریک ہونے والے طلباء کی ۲۱۱ تھی۔ جو امتحان میں شریک تمام مدارس میں سب سے بڑی تعداد ہے۔ اور دارالعلوم کے جو طلباء وفاق کے تحت امتحان میں شریک نہ ہو سکے، تو دارالعلوم کے زیر اہتمام ان کا علیحدہ امتحان لیا گیا۔ اور کامیاب ہونے کی صورت میں دارالعلوم سے ان کو اسناد جاری کی گئیں۔

گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی ملکی سطح پر وفاقی بورڈ کے تحت ۲۵۰۱ شرکاء کے امتحان میں دارالعلوم کے طالب علم مولانا اصلاح الدین حقانی بن مولانا سراج الدین نے ۶۰۰ میں سے ۵۰۳ نمبر لے کر اول پوزیشن حاصل کی۔ جب کہ درجہ ثانویہ میں دارالعلوم حقانیہ کے طالب علم مولوی محمد نصیر احمد نے ۶۰۰ میں سے ۴۷۳ نمبر حاصل کر کے پورے بورڈ میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔

مجموعی حیثیت سے دارالعلوم کا فیصد نتیجہ ۹۵.۲۰ رہا۔ جو دارالعلوم کے اساتذہ و منتظمین اور معاونین و مخلصین کے لئے موجب حوصلہ افزائی اور باعث افتخار ہے۔ الحمد للہ و زد فزد

**خریدار حضرات** خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں تاکہ آپ کے ارشاد کی تعمیل ہو سکے۔
(ادارہ)



© rasailojaraid.com